SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN


**PRESS RELEASE**
For immediate release
March 11, 2025

**SECP Sees Surge with 3,046 New Company Registrations in February 2025**


**Islamabad, March 11, 2025:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), registered 3,046 new companies in February 2025. This brings the total number of companies registered in the country to 246,608, reflecting growing confidence in Pakistan's corporate sector.

Around 99.9% of the new company registration are now being processed digitally which, marks another step in the Commission's efforts to provide a seamless, tech-driven regulatory environment that promotes transparency and supports ease of doing business in Pakistan.

Private Limited Companies accounted for 58% of the total new registrations, while single-member companies represented 39% showing 1% increase from the previous month. The remaining 3% included public unlisted companies, not-for-profit organizations, trade organization, and limited liability partnerships (LLPs). 03 foreign companies have also established place of business in Pakistan.




A closer look at sectoral growth reveals strong activity across a range of industries. The Information Technology (IT) and ecommerce sectors saw the largest growth, adding 635 new companies. The trading sector followed with 389 new companies, services with 379 new companies, Real Estate Development & Construction recorded 296 new companies. Tourism and Transport with 165, Food and Beverages with 139, Education with 104, Marketing and Advertisement with 78, Mining and Quarrying with 76, Textile with 75, Engineering with 67, Corporate Agricultural Farming, Cosmetic and Toiletries, and Fuel and Energy with 56 each new registration. Other sectors contributing to this growth with 475 new companies.




Foreign investment in the corporate sector also showed encouraging signs of growth, with 53 new companies receiving capital from international investors.

Looking ahead, the SECP remains committed to enhancing its digital infrastructure and further simplifying business processes to foster entrepreneurship, attract investment, reduce turnaround time and drive sustainable economic growth.

## ایس ای سی پی میں فروری 2025 میں 3,046 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اضافہ

اسلام آباد، 11 مارچ: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے فروری 2025 میں 3,046 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کی۔ اس کے ساتھ ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد 246,608 تک پہنچ گئی، جو پاکستان کے کارپوریٹ سیکٹر پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔

تقریباً 99.9% نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن اب ڈیجیٹل طور پر مکمل کی جا رہی ہے، جو کمیشن کی جانب سے ایک اور اہم پیش رفت ہے۔ یہ اقدام پاکستان میں شفافیت کو فروغ دینے اور کاروبار میں آسانی فراہم کرنے کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی ریگولیٹری ماحول کی حمایت کے عزم کا عکاس ہے۔

نئی رجسٹریشن میں 58 فیصد حصہ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کا رہا، جبکہ 39 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں تھیں، جو پچھلے ماہ کے مقابلے میں 1 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ باقی 3 فیصد میں پبلک اَن لسٹڈ کمپنیاں، غیر منافع بخش تنظیمیں، تجارتی تنظیمیں، اور لمیٹڈ لائبیلٹی پارٹنرشپ (LLPs) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، 3 غیر ملکی کمپنیوں نے بھی پاکستان میں اپنا کاروباری مرکز قائم کیا ہے۔

مختلف شعبوں میں نمایاں ترقی دیکھنے میں آئی، جہاں کئی صنعتوں میں بھرپور سرگرمیاں جاری رہیں۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور ای کامرس کے شعبوں میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا، جہاں 635 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد تجارتی شعبے میں 389، سروسز میں 379، جبکہ رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور کنسٹرکشن میں 296 نئی کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ سیاحت اور ٹرانسپورٹ کے شعبے میں 165، خوراک اور مشروبات میں 139، تعلیم میں 104، مارکیٹنگ اور اشتہارات میں 78، مائننگ اور قوارنگ میں 76، ٹیکسٹائل میں 75، انجینئرنگ میں 67، جبکہ کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، کاسمیٹکس اور ٹوائلٹریز، اور فیول و انرجی کے ہر ایک شعبے میں 56 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ دیگر شعبوں نے بھی 475 نئی کمپنیوں کے اضافے میں حصہ ڈالا۔

کارپوریٹ سیکٹر میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا، جہاں 53 نئی کمپنیوں کو بین الاقوامی سرمایہ کاروں سے سرمایہ موصول ہوا۔ آگے بڑھتے ہوئے، ایس ای سی پی اپنے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے اور کاروباری عمل کو مزید آسان بنانے کے لیے پر عزم ہے، تاکہ کاروباری مواقع کو فروغ دیا جاسکے، سرمایہ کاری کو متوجہ کیا جاسکے، رجسٹریشن کے عمل کو تیز کیا جاسکے اور پائیدار اقتصادی ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔